اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

شیڈول مدرسۃ المدینہ بالغات (دورانیہ: ایک گھنٹہ)

شیڈول	وقت	تفصیلات
نیتیں مع محاسبہ	3منٹ	"**اجتماعی محاسبہ کروانے کا طریقہ** (63 **مدنی انعامات**)" کی مدد سے مدنی انعامات کے رسالے پر نشان لگوانا۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے) "مدرسۃ المدینہ (بالغات) پڑھنے سے سے متعلق چند اچھی اچھی نیتیں کروائی جائیں۔ مثلاً! اللہ پاک کی رِضا پانے اور حُصولِ ثواب کی نیّت سے پڑھوں گی۔ حدیث شریف میں ہے "قرآن کو عرب کے لب ولہجہ میں پڑھو" (عِلمُ التجوید) سرکار صَلَّی اللہ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے اِس فرمان کی بَجا آوری کی نیّت سے پڑھوں گی۔ احادیثِ مُبارَکہ میں قرآنِ پاک پڑھنے کے جو فضائل وارِد ہوئے ہیں اُنہیں حاصل کرنے کی نیّت سے پڑھوں گی۔ طَلَبِ علم کی فضیلت حاصل کرنے کے لیئے پڑھوں گی۔ پڑھ کر دوسروں کو پڑھانے کی نیّت سے پڑھوں گی۔
درس	7منٹ	فیضان سنت سے یا امیر اہلسنّت کے رسائل سے دیا جائے۔ "**فیضانِ سنت سے درس دینے کا طریقہ** (**اسلامی بہنوں کے لیے**)" کے مطابق عمل کیا جائے۔ ☆ نئی نئی اسلامی بہنوں کو درس کا موقع دیا جائے۔ (یہ پیپر ریکاڈ فائل میں موجود ہے)۔
سبق دینا اور سننا	35منٹ	سبق ہجے کے ساتھ سنا جائے۔ بغیر اطلاع دیئے کسی بھی دن پچھلا سبق سنا جائے۔ کتاب "رہنمائے مدرسین" سے مدد لیتے ہوئے مدنی قاعدے میں ہر سبق کی مکمل وضاحت بیان کی جائے. مدنی قاعدے کی مدت تکمیل 92 دن ہیں اور قرآن پاک کی تکمیل کی مدت تقریباً 12 ماہ ہیں۔ (دعوت اسلامی کی موبائل ایپلیکیشن القرآن الکریم کے ذریعے ناظرہ پڑھنے والی اسلامی بہنوں کو حدر میں پڑھنے کی خوب مشق کروائی جائے یہ ترکیب درجے میں بھی کی جاسکتی ہے اور انفرادی طور پر گھر پر مشق کرنے کا بھی ذہن دیا جاسکتا ہے۔)
صراط الجنان	7منٹ	صراط الجنان سے کم از کم 3 آیات مع ترجمہ و تفسیر سُننا / سُنانا۔ ☆ اگر درجے میں پڑھانے والی اور پڑھنے والی تین آیات ترجمہ و تفسیر نہ پڑھ سکیں تو (رکنِ شوریٰ ابو مدنی عبد الحبیب عطاری) کے لنک سے مدد لی جاسکتی ہے۔
مدنی تربیت	8منٹ	**شیڈول برائے سیکھنے سکھانے کا حلقہ** کے مطابق عمل کیا جائے۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)
کل دورانیہ	60منٹ	﴿ایک گھنٹہ﴾

شیڈول مدرسۃ المدینہ بالغات (دورانیہ: 35منٹ)

شیڈول	وقت	تفصیلات
درس	7منٹ	"فیضان سنت سے درس دینے کا طریقہ" کے عمل کیا جائے۔
سبق دینا اور سننا	23منٹ	قرآن پاک / مدنی قاعدہ، قواعد و مخارج کے مطابق سبق دینا، سننا مزید معلومات کے لیے رہمائے مدرسین سے مدد لینا۔
عربی نماز	5منٹ	**شیڈول برائے سیکھنے سکھانے کا حلقہ** کے مطابق عمل کیا جائے۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)
کل دورانیہ	35منٹ	

نکات:

☆اجیر اور غیر اجیر کے لیے ایک گھنٹے والا شیڈول حاضر ہے. ☆ مرکزی مجلسِ شوریٰ کی جانب سے فی ذیلی حلقہ ایک مدرسۃ المدینہ (بالغات) اور پڑھنے والیوں کی تعداد غیر اجیر کے لیے 2 اور اجیر کے لیے 5 طالبات کا ہونا ضروری ہے۔

☆ جب ایک درجے میں اسلامی بہنیں 19 سے زیادہ مثلاً 20 ہو جائیں تو دوسرا درجہ شروع کر دیا جائے۔ ☆اگر تعداد 15 سے کم ہو ہو تب بھی سبق کا دورانیہ 35 منٹ ہی رکھا جائے گا۔

☆پڑھنے والی زیادہ اسلامی بہنیں ہوں تو مدرِّسہ اپنی معاون ایسی طالبہ کو بنائیں جس کا سبق سب سے آگے ہو اور وہ قابل اسلامی بہن ہو۔

☆اگر ایک درجے میں زیادہ پڑھنے والی اسلامی بہنیں ہوں تو 3 سے 4 اسلامی بہنوں کا سبق ایک ساتھ رکھا جائے تو سبق دینے میں وقت کی بچت ہو۔

☆پڑھنے والیوں کی تعداد 15 تا 19 ہو تو ممتاز شمار ہو گی	☆پڑھنے والیوں کی تعداد 10 تا 14 ہو تو بہتر شمار ہو گی	☆پڑھنے والیوں کی تعداد 9 سے کم ہو تو کمزور شمار ہو گی

☆ایک مدرسے میں 2 دَرَجے لگنے کی صورت میں دونوں دَرَجوں کی اجتماعی تربیت نہ کی جائے بلکہ دونوں کی الگ الگ تربیت کی جائے۔

☆باری کے دنوں میں مُدَرِّسہ قرآن پاک کی 3 آیات مع ترجمہ و تفسیر کی تلاوت نہیں کر سکتی لہٰذا اگر دَرَجے میں کسی بھی پڑھنے والی اسلامی بہن کی تجوید دُرُست نہیں تو اُن دنوں میں صرف تفسیر پڑھائی جائے۔ یا دعوت اسلامی کی مدنی انعامات کی ایپلیکیشن کے ذریعے آیت، ترجمہ اور تفسیر آڈیو سنوایا جاسکتا ہے۔☆مدرسۃ المدینہ (بالغات) کا اختتام "مدنی مقصد کی دہرائی" اور مجلس کے اختتام کی دعا پڑھ کر کیا جائے۔

☆تنظیمی طور پر مدرسۃ المدینہ بالغات کے جائزوں کے لئے ہر ڈویژن پر 12 تا 15 درجات پر مدرسۃ المدینہ بالغات پر 120 منٹ کی مقتشہ رکھنے کا طے ہے، جو ہر مدرسۃ المدینہ بالغات میں حاضری دے گی، طالبات کی تعداد، مدرسہ کی حاضری اور نصاب کی تکمیل کی کیفیت وغیرہ چیک کریں گی۔ ماہانہ کارکردگی بنائیں گی اور 12 ماہ میں 4 بار شرکائے مدرسۃ المدینہ بالغات کا امتحان لیں گی اور اسکارزلٹ بنا کر رُکنِ کابینہ کے ذریعے مدرسۃ المدینہ بالغات کی زون سطح، مدرسۃ المدینہ بالغات (ریجن سطح) اور شعبہ امتحان کو پہنچائیں گی۔

☆ہر مدنی ماہ کی پہلی پیر شریف آنے سے قبل (یعنی بروز ہفتہ) 12 منٹ کی تربیت کے بعد "**یوم قفل مدینہ**" کا پمفلٹ پڑھ کر سنایا جائے اور "یوم قفل مدینہ" لگاتے ہوئے رسالہ "خاموش شہزادہ" پڑھنے یا بولتا رسالہ سننے اور فضول گفتگو سے بچنے کی ترغیب دلائی جائے۔ (یومِ قفلِ مدینہ کا پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆جس دن مدنی مذاکرہ ہو گا اُس دن مدرسہ مدنی مذاکرے کے ذریعے امیرِ اہلِ سنت دامت برکاتہم العالیہ کے فیوض و برکات پانے اور علم دین کے بیش قیمت مدنی پھول حاصل کرنے کا مدنی ذہن دیتے ہوئے زیادہ وقت دینے کی ترغیب دلائے۔ اور اگلے دن اسکی کارکردگی لازمی لی جائے۔

☆ہر ماہ 26 ویں شریف والے دن درس کی جگہ "منقبت عطار" پڑھی جائے۔ ☆اہم مواقعوں اور بڑی راتوں سے قبل والے دن 12 منٹ تربیت کی جگہ متعلقہ مخصوص موقع کی نسبت سے اوراد و وظائف "مدنی پنجسورہ" سے یا اس مخصوص موقع سے متعلقہ رسالے سے اس کے فضائل بتائے جائیں۔